۔۔۔۔ پہلے میں آپ میں سے ہر ایک کو اپریشیئیٹ کرنا چاہتا ہوں آپ ایک ڈسپلن کے تحت ہر کلاس میں آتے ہیں تاکہ خدا کا کلام سیکھتے اور وہ بھی جو ہمارے ساتھ آن لائن ہے وہ بھی وقت دے رہے ہیں تو میری دعا ہے کہ خدا افسیوں کا خط جو ہم نے ایک کلاس پہلے شروع کیا اس کو ہمارے لیے برکت بنائے ہمارے ساتھ ہو روح القدس کی قدرت سے ہماری رہنمائی کرے۔ پچھلی کلاس میں ہم افسیوں کے خط کا تعارف اگر آپ کو یاد ہو تو وہ پڑھ رہے تھے۔ آپ میں سے پچھلی کلاس میں کون کون تھا او اوکے تو اب مجھے ٹھیک تو یاد نہیں لیکن ہم نے دیکھا تھا کہ افسیوں کے خط میں کرسچین فیتھ کا زبردست مکاشفہ ہے اس خط کے بارے میں دوسرے مصنفین جنہوں نے مسیح کی خدمت کی وہ اس خط کے بارے میں کیا کہتے ہیں یاد آگئی بات تو ہم نے باتیں دیکھی تھیں کہ یہ **خطوط کی ملکہ ہے** پھر ہم نے دیکھا تھا کہ **یہ خط پولوس کی تحریروں میں ایک تاج** کی حیثیت رکھتا ہے پھر ہم نے **جان کیلون** جو کہ بہت بڑا تھیالوجین گزرا ہے اس کا کہنا تھا کہ **افسیوں کا خط اس کا دلپسند خط ہے** پھر **برٹش کولرج** اس کا کہنا ہے کہ **افسیوں کا خط انسان کی الٰہی ترین تصنیف ہے** پھر ہم نے چھٹی بات دیکھی کہ **جس طرح ستارے پکار پکار کر کہتے ہیں کہ ہمارا کوئی خالق ہے اسی طرح افسیوں کا خط پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ مجھے لکھنے والا روح القدس ہے** ساتواں میرا خیال ہے پوائنٹ ہم دیکھ رہے تھے پھر ہم افسیوں دوسرے باب میں آگئے اس خط میں ایمانداروں کے لیے یعنی ایسے کرسچینز جو نام کے نہیں تجربے کے طور پر نئی پیدائش پا چکے ہیں دراصل وہی ایماندار ہیں ان کے لیے افسیوں کے خط میں خدا کے ابدی منصوبے کا زندہ مکاشفہ پایا جاتا ہے کہ ہم کیا تھے ہم مردہ تھے روحانی طور پر افسیوں دوسرا باب یاد آگیا خدا نے ہمیں کہاں سے اٹھایا افسیوں دو باب میں ہم نے دیکھا کہ ہم پر خدا کا غضب تھا ہم غضب کے فرزند تھے ابلیسی قوتوں کے نیچے تھے ہم جہنم کا ایندھن تھے خدا سے جدا تھے مگر خدا نے اپنی محبت ہم پر ظاہر کی ہم پر فضل بخشا ہمیں ایمان بخشا ہمیں یسوع کے ساتھ آسمانی مقاموں پر بٹھایا میرا خیال ہے پہلی کلاس میں ہم نے یہاں تک باتیں کی تھیں آٹھویں بات لکھ لیجیے افسیوں کے خط میں اگرچہ الٰہیاتی کنٹروورسی تو نہیں ہے یعنی متضاد قسم کے پوائنٹس تو نہیں ہیں جیسے گلتیوں کے خط میں ہے رومیوں کے خط میں ہے کوئی پاسٹورل مسائل نہیں ہیں جیسے تھسلنیکیوں کے خطوط میں ہیں کرنتھیوں کے خطوط میں ہیں بلکہ افسیوں کے خط میں ایک روحانی پاسٹر کی روحانی warm یا ہدایت یا حرارت گرمائش ایک پاسٹر ایمانداروں کے لیے ایک باپ کی طرح کیا محسوس کرتا ہے یہ اسپرٹ افسیوں کے خط میں موجود ہے۔ پاسٹر کی نصیحتیں ہیں کہ فیملی میں کیسے رہنا ہے جاب پر کیسے رہنا ہے روحانی لڑائی کیسے لڑنی ہے کلیسیا میں ہمارا حصہ کیا ہے ہم مسیح میں کون ہیں۔ ہمیں مضبوط کرنے کے لیے افسیوں کے خط میں یہ تعلیم پائی

جاتی ہے یعنی روحانی سنسٹیویٹی ہے اس کے اندر نجات کی گہرائی کے ساتھ وسعت کے ساتھ تعلیم پائی جاتی ہے اتنی اچھی تعلیم ہے کہ اگر ہم اس کو سکون کے ساتھ اس خط کو پڑھتے ہی جائیں اور دیکھیں بھی کہ میں کہاں تھا اور مسیح میں کہاں آگیا ہوں تو دل شادمانی سے بھر جاتا ہے اور دعا کرنے کو دل بھی چاہتا ہے۔ نواں پوائنٹ میکسنر کے مطابق وہ یہ کہتا ہے افسیوں کے خط میں Eternal Conprehensiveness اس کا مطلب ہے اردو میں ابدی جامعیت کمپلیٹنس جو ہمیشہ سے خدا میں پوشیدہ تھی اس خط میں اس جامعیت کو انتہائی خوبصورتی کے ساتھ اختصار کے ساتھ چھ چیپٹرز میں بیان کیا گیا ہے مسیح میں خدا کا فضل وہ فضل انسان کو کیسے دیتا ہے نجات کیسے بخشتا ہے ایماندار جلالی منصوبے میں کیسے آجاتا ہے وہ سارے نکتہ اس خط میں درج ہیں۔ یہ نجات جو مسیح میں ہے اس کے حوالے سے دنیا میں عملی زندگی ہمیں کیسے گزارنی ہے اس چیلنج پر بھی تعلیم موجود ہے جس وجہ سے صدیوں بعد بھی آج بھی لوگ اس خط سے محبت کرتے ہیں اسے پڑھ کر ان کی روحانی ترقی ہوتی ہے اس کی وہ منادی کرتے ہیں۔ اور دعا پوائنٹ ہے اس خط میں ایمانداروں کے لیے روحانی بلوغت کی طرف جانے کا خدا کا انتظام کیا ہے کہ وہ روحانی طور پر بالغ ہو جائیں مسیح کے قد کے اندازے تک پہنچیں۔ کلیسیا کو جلالی بنانے کی تعلیم اس خط میں موجود ہے افسیوں چار باب اس کی 13ویں آیت آؤ دیکھیں اس آیت کو کہ ایمانداروں کو روحانی طور پر بالغ کرنے کے لیے خدا نے کلیسیا میں کیا انتظام کر رکھا ہے اس چیز کی تعلیم افسیوں کے خط میں موجود ہے چوتھا باب دیکھیے اس کی 11ویں آیت سے نکال لیجیے حوالہ اسی نے یعنی یسوع نے جب وہ مردوں میں سے جی اٹھا آسمان پر چلا گیا پھر اس نے روح القدس کی قدرت سے چرچ کے اندر بعض کو رسول بنا دیا، کھڑا کیا ، بلایا گیا، انہیں مکاشفات بخشے گئے کلیسیا کے لیے کہ کلیسیا کو میچور کریں اُن کو آگے بڑھائیں رسول دے دیے، بعض کو نبی بنا دیا، بعض کو بشر بنا دیا، بعض کو چرواہے، پاسٹرز بنا دیا، بعض کو بائبل کے ٹیچرز بنا دیا، کہ وہ کیا کریں اِن کا مقصد یہ ہے کہ تا کہ مقدس لوگ کامل بنیں یہ پہلا کام ہے پاسٹرز کا لیڈرز کا کہ ایمانداروں کو کلیسیا کے لوگوں کو مقدس لوگوں کو کامل بنائیں دوسرا کام ہے خدمت گزاری کا کام کیا جائے وہ اتنے کامل بن جائیں اتنے میچور ہو جائیں کہ وہ بھی خدمت کرنی شروع کر دیں۔ یہ یسوع نے اس خط میں تعلیم دی ہے کہ پوری کی پوری کلیسیا کیسے روحانی ہو کیسے جلالی ہو کیسے مضبوط بنے اس نے لیڈرز دیے کہ وہ یہ کام کریں آگے لکھا ہے اور مسیح کا بدن ترقی پائے تو لیڈرز ہمیں کیوں دیے گئے ہیں کون سی تین باتیں ہم نے دیکھی کیوں بھی دوستوں لیڈرز کیوں دیے گئے۔ پہلا کام کیا دیکھا

مقدس لوگ یعنی ایماندار انہیں مقدس لوگ کہا گیا ہے وہ کامل بنیں یہ ان کا کام ہے۔

دوسرا کام کیا لکھا ہے خدمت گزاری کا کام کیا جائے۔

تیسرا ان لیڈرز کا کیا مقصد ہے ہاں مسیح کا بدن یعنی کلیسیا ترقی پائے۔

واہ یہ بھی افسیوں کے خط کا موضوع ہے اچھا کب تک لیڈرز یہ خدمت کرتے رہیں آگے کیا لکھا ہوا ہے کب تک چرچ کے لیڈرز ٹرین کرتے رہیں تربیت دیتے رہیں ان کو حوصلہ دیتے رہیں جب تک ہم سب کے سب یعنی ساری کلیسیا سارے ایماندار جب تک خدا کے بیٹے یہ پہلی بات آ گئی یسوع کے ایمان میں یسوع کی پہچان میں ایک نہ ہو جائیں، کامل انسان نہ بنیں یعنی اس کا مطلب ہے مسیح کے پورے قد کے اندازے تک نہ پہنچ جائیں اوس ویلے تک لیڈرز ایمان داروں کو کاملیت کا، خدمت گزاری کا، ان کی روحانی ترقی کا کام کرتے رہیں تھرُو ٹیچنگ، تھرُو ٹریننگ، تھرُو ویزٹس، تھرُو سیمینارز، تھرُو کنونشنز، ہر طرح سے اُن کو تعلیم دیتے ہی رہیں جب تک ہم سب کے سب ایمان میں ایک نہ ہو جائیں، مسیح کی پہچان میں ایک نہ ہو جائیں، اور ہم کامل انسان یعنی مسیح کے قد کے پورے اندازے تک نہ پہنچ جائیں۔ تاکہ ایک مقصد ایہہ وی اے ہم آگے کو بچے نہ رہیں روحانی طور پر کہ ہر غلط تعلیم کی ہمیں پہچان آجائے، ہم کلام میں بالغ ہو جائیں، مضبوط ہو جائیں، بدعتوں کو، غلط تعلیم کو پہچان سکیں، ہم بچے نہ رہیں۔ اور آگے کیا لکھا ہوا ہے؟ اور آدمیوں کی بازیگری اور مکاری کے سبب سے اُن کے گمراہ کرنے والے منصوبوں کی طرف ہر ایک تعلیم کے جھونکے سے، موجوں کی طرح اچھلتے، بہتے نہ پھریں بلکہ محبت کے ساتھ سچائی پر قائم رہ کر اُس کے ساتھ جو سر ہے یعنی مسیح کے ساتھ پیوستہ ہو کر ہر طرح سے بڑھتے جائیں، ترقی کرتے جائیں۔ یہ تعلیم بھی کلامِ مقدس میں افسیوں کے خط میں موجود ہے ہللویاہ۔ ایک تو افسیوں کے خط میں ہمیں کرسچین میچیورٹی کا ذکر ملتا ہے کہ کیسے، خدا نے کیا انتظام کیا۔ ابھی ایک حوالہ ہم نے پڑھا، مسیح کی آمد سے پہلے کی، **جو آخری پشت تک کی کلیسیا ہوگی، یہ خط اُن کے لیے بھی انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔** مسیحا آنے والا ہے، اُس وقت بھی جو کلیسیا ہوگی اُس کے لیے، کہ وہ میچیور کیسے ہو، جلالی کیسے ہو، شادمان کیسے ہو، روحانی جنگ کیسے لڑے، یہ چھٹے باب کی تعلیم ہے۔ اگر ہم نے پھر پڑھنا شروع کر دیا تو کافی ٹائم لگ جائے گا۔ میں آج انٹروڈکشن ختم کر دینا چاہتا ہوں۔ لو جی، یہ باتیں تو ہم نے افسیوں کے خط میں چھ باب میں جو پوائنٹس ہیں تعلیم کے، اُن کے بارے میں دیکھا۔ اب ایک نیا پوائنٹ، ٹاپک لکھ لیجیے کہ اس خط کو لکھنے والا کون ہے؟ مؤلف کون ہے؟ آؤ دیکھیں، افسیوں پہلا باب، پہلی آیت۔ جی، پڑھ دیجیے۔ پھر تیسرا باب، پہلی آیت حوالہ نکال لیجیے، پھر افسیوں چھ باب 19، 20 آیت۔ پڑھ دیجیے بھائی جی بلند آواز سے۔ جی، پَولُس کی طرف سے، خدا کی مرضی سے۔ پَولُس کی طرف سے، جو خدا کی مرضی سے مسیح یسوع کا رسول ہے۔ یہ خدا کی مرضی سے کس کا رسول ہے؟ خدا کا خدا کی مرضی سے مسیح یسوع کا رسول ہے۔ کیا بات ہے! مسیح یسوع کا رسول ہے۔ یہ خط کس نے لکھا؟ مقدس پَولُس رسول۔ پَولُس رسول ہے، وہ کسی انسان کی طرف

سے نہیں، مشن کی طرف سے نہیں، ماں باپ کی مرضی کے مطابق نہیں۔ وہ خدا کی مرضی سے، خدا کی طرف سے رسول ہے یسوع مسیح کا۔ اُس کی زندگی کا بُلاوا اور مقصد ہی یہ ہے کہ وہ یسوع مسیح کے لیے نئے علاقوں میں نئی کلیسیائیں قائم کرے۔ یہ رسالت کا مطلب ہے۔ آگے کیا لکھا ہوا ہے؟ پوری آیت پڑھ دو: پولُس کی طرف سے، جو خدا کی مرضی سے، مسیح یسوع کا رسول ہے اُن مقدسوں کے نام جو اِفَسس میں ہیں۔ جنہوں نے لکھا ہے وہ اُن مقدسوں کے نام جو... دیکھو ایمان دار سارے مقدس کہلاتے ہیں۔ بیٹا آپ سمجھ رہے ہیں، ہر نجات یافتہ شخص، ہر وہ شخص جس نے مسیح کو قبول کر لیا ہے، جو مسیح میں ہے، جو اُس کے بدن یعنی کلیسیا کا روح میں حصہ ہے، بپتسمہ لیا ہوا۔ ہم جس کے ہیں ویسا کوئی ہے ہی نہیں آج تک کوئی شخص مردوں میں سے غیر فانی اور جلالی جسم کے ساتھ جی اٹھا ہی نہیں ایک ہی جی اٹھا ہے اور وہ خدا کا بیٹا یسوع مسیح ہے ہالیلویا پریز لارڈ 21 22 آیت ہمیں بتائے گی کہ یہ خط جب رسول نے لکھ لیا تو لے کر ان کے پاس کون گیا تھا ہاں جی 21 22 آیت اور تخِکُس جو پیارا بھائی اور خدا میں دیانتدار خادم ہے تمہیں سب باتیں بتا دے گا تاکہ تم بھی میرے حال سے واقف ہو جاؤ کیا نام ہے اس شخص کا کوئی یونانی نام ای لگدا اے یینوں یہ وہ شخص ہے رسول کہتا ہے وہ پیارا بھائی ہے وہ خدا میں دیانتدار خادم ہے اس کے ہاتھ وہ یہ افسیوں کا خط مکاشفات دے خزانے ہی اِس کو پکڑا دیئے کے جا بھائی اِس کو لے جا کے ٹو دے ہالیلویاہ۔ پولُس نے کہا کہ وہ کیا کرے گا وہ تمہیں سب باتیں بتا دے گا تاکہ تم بھی میرے حال سے واقف ہو جاؤ ہاں کہ میں کس طرح رہتا ہوں اس کو میں نے تمہارے پاس اس واسطے بھیجا ہے کہ تم ہماری حالت سے واقف ہو جاؤں اور وہ تمہارے دلوں کو تسلی دے۔ تو پھر اِس خط کو لے کر جانے والا کون تھا زور نال بولو تخِکُس گلوری ٹو گاڈ یہ بڑے بڑے لوگ تھے یہ بھی دوسرے بھائی بھی اور جن کو خط لکھا گیا وہ بھی یہ بڑے بڑے لوگ تھے جن کی تعلیم آج ہمارے ہاتھوں میں موجود ہے۔ بھائی اگلا پوائنٹ اس خط کو لکھنے کی تاریخ کون سی ہے اور جائے تصنیف کون سی ہے اور میں ڈیٹیل تانو نہیں دسنی جائے تصنیف تیسرے باپ کی پہلی آیت جب آپ نے پڑھی تو لکھا ہے وہاں پولس کہتا ہے میں مسیح کی خاطر قید میں تھا چوتھے باپ کی پہلی آیت میں کیا لکھا ہے وہ دیکھیں اور تیسرے باپ کی پہلی آیت چوتھے باپ دی پہلی آیت میں جو خداوند میں قیدی ہوں ہاں تم سے التماس کرتا ہوں کہ جس بلاؤے سے تم بلائے گئے تھے، اِس کا مطلب وہ قیدی تھا چھٹے باپ کی 20 آیت میں ہم نے پڑھا میں زنجیر سے جکڑا ہوا خط لکھتا ہوں، آہ! ۔ اور یہ جو لفظ ایلچی ہے اس کے لیے یونانی لفظ کا ترجمہ ہے سفیر زنجیر سے جکڑا ہوا مسیح کا ایمبیسیڈر ہوں میں مسیح کا سفیر ہوں چاہے جکڑا ہوا ہوں چاہے آزاد ہوں میں مسیح کا سفیر ہوں اور میں اس کا ایمبیسیڈر ہوں ہالیلویاہ ہالیلویاہ پر اچھا پولس بہت دفعہ قید میں رہا ہے قیصریہ میں دو بار اعمال 24 سے 26 باب تک قیصریہ کی قید کا

ذکر ہے دو سال یہ روم میں قید رہا تھا اعمال 28 باب اس کی 16 سے 31 آیت تک یہ حوالے پڑھ لیجئے گا یہ جب آپ پڑھیں گے تو آپ کو پتا چلے گا کہ وہ روم میں قید میں تھا وہاں سے اس نے تیسرے مشنری دورے میں افسیوں کا خط لکھا تھا۔ لو بھائی یہ نوٹ کر لو 60 سے 62 سال میں پہلی صدی روم میں قیدی کی حیثیت سے اس نے تین خط لکھے تھے فلیمون کا خط یہ اپنی ایک سٹوری ہے فلیمون شخص کے نام کُلُسِّیوں کا خط بھی لکھا افسیوں کا خط بھی لکھا اور فلپیوں کا خط بھی غالباً وہیں سے اس نے لکھا۔ کتنے خط لکھے؟ پاسٹر منور جی خدا کا شکر ہے خُدا نے اِس کو قید میں بھیجا نہیں تو اِس نے منادی کرتے رہنا تھا یہ جیل میں گیا اس کو ٹائم ملا اس نے خط لکھے الہام نازل ہوا آج یہی تعلیم ہمارے بھی ہاتھوں میں ہے ایماندار کے لیے سب چیزیں مل کر جو خدا سے محبت کرتے ہیں بھلائی پیدا کرتی ہیں ہالیلویاہ ہالیلویاہ پریز لارڈ کہ ہم نے چوتھے باپ میں پڑھا کہ اُس نے رسول دیے نبی دیے بشر دیے چرواہے دیے اُستاد دیے تاکہ ہم کامل بنیں خدمت گزاری کا کام کیا جائے خدا کا بدن ترقی پائے۔ کب تک؟ جب تک ہم مسیح کی پہچان میں سارے کے سارے ایک نہیں ہو جاتے ہالیلویاہ ہالیلویاہ۔

اور کیا باتیں ہم نے پڑھیں پولس کہاں تھا؟ خط کا لکھنے والا کہاں تھا خط کو لے کر جانے والا کون تھا؟ خط کی تاریخ کیا تھی؟ ہاں جی کون سی تاریخ تھی خط کو لے جانے کی سن کاٹھ ۱۹۶۱ نہیں وہ پہلی صدی کا 61م سن۔ اُس وقت قید کہاں پر تھا؟ وہ روم میں قید تھا۔

اگلا پوائنٹ اس خط کے مخاطبین کون تھے؟

کن کو لکھا گیا اِفسیوں کی کلیسیا کو لکھا کلام پڑھو پہلا باپ پہلی آیت بھی پڑھیں اونچی اونچی ۔پولس کی طرف سے جو خدا کی مرضی سے مسیح یسوع کا رسول ہے اُن مقدسوں کے نام جو اِفسس میں ہیں۔ مقدسوں کے نام جو کہاں ہیں؟ اِفسس میں ہیں اِفسس میں اور مسیح یسوع میں ایماندار ہیں مسیح یسوع میں ایماندار ہیں تو پھر خط کن کن کو لکھا گیا اِفسس کے ایمانداروں کو ایک تو یہ ہو گیا ۔ اِس کی تفسیر یہ ہے یا تو یہ اضافی بیان ہے اِفسس ہی کے مقدسوں کا یا اِفسس کے ایمانداروں کو بھی لکھا گیا اور دنیا میں جہاں کہیں مسیح یسوع میں ایماندار ہیں وہ کہیں پر بھی ہیں؟ اُن سب کو یہ خط لکھا گیا۔ ہمیں بھی لکھا گیا۔ اِفسس، اِس کا ذکر کہ پولس رسول اِفسس میں تین سال رہا تھا کلیسیا بنائی تھی اور پڑھیں یہ حوالہ اعمال کی کتاب 20 باب اُس کی 31 آیت اس لیے جاگتے رہو اور یاد رکھو کہ میں تین برس تک رات دن آنسو بہا بہا کر ہر ایک کو سمجھانے سے باز نہ آیا۔ یاد رکھو کہ میں تین برس تک اِفسس میں رہا آنسو بہاتا رہا، تم سے محبت کرتا رہا، ہر ایک کو سمجھاتا رہا، تربیت دیتا رہا، تعلیم دیتا رہا، یعنی وہ خط کے

لوگوں کو جانتا ہے جن کو وہ لکھ رہا ہے ہالیلویاہ ہالیلویاہ۔ اس خط کا مقصد اور پیغام کیا ہے نوٹ کر لیجیے اِفسیوں کے خط میں بتایا گیا ہے کہ کلیسیا جسے مسیح کا بدن کہا گیا ہے وہ کون ہے؟

نمبر دو ہمیں بتایا گیا ہے کہ یہودی بھی اور غیر قوم بھی۔

اِدھر یہودی اِس سب کے بیچ میں صلیب آگئی اِدھر غیر قوم بھی۔ یہودیوں میں سے بھی غیر قوم میں سے بھی جو کوئی مسیح پر ایمان لاتے ہیں صلیب میں سے نکل کر ایک نئی کمیونٹی بن جاتے ہیں یہ مسیح کا بدن ہے۔ آپ پڑھیں ایک حوالہ اِفسیوں 2 باب ۱۱ویں سے ۱۸ویں آیت تک 2 باب ۱۱ویں آیت سے پس یاد کرو کہ تم اچھا صلاح ہے کہ پس یاد کرو کہ تم جو جسم کی رو سے جسم نہیں جسم کی رو سے ہاں غیر قوم والے ہو اے لوگ جو جسم کی رو سے غیر قوم والے ہو۔ اور وہ لوگ جو جسم میں ہاتھ سے کیے ہوئے ختنہ کے سبب سے مختون کہلاتے ہیں جن کہ ختنے ہوئے یہ مختون کہلاتے ہیں یہ تم کو نامختون کہتے ہیں نامختون اے حقارت جے ہاں جی! یہ یہودی اُن کو نا مختون کہہ کر یہ اُن کا مطلب تھا کہ تم خدا کے عہد میں نہیں ہو اور تیسرے درجے کے لوگ ہو، گھٹیا لوگ، ہم مختون ہیں ہم خدا کے عہد میں ہیں وہ یہ کہتے تھے۔ اگلے زمانہ میں مسیح سے جدا اور اسرائیل کی سلطنت سے خارج اور دیکھو غیر قوم والے مسیح سے جدا اور اسرائیل کی سلطنت سے خارج ہیں۔ جدا بھی اور خارج بھی اور وعدہ کے عہدوں سے ناواقف بھی تھے اور خدا سے جدا مگر تم جو پہلے دور تھے اب مسیح یسوع میں مسیح کے خون کے سبب نزدیک ہو۔ کیونکہ وہی ہماری صلح ہے جس یسوع مسیح میں ہم دونوں کی صلح ہے جس نے دونوں کو ایک کر لیا اب وہ مسیح کے خون کی قدرت سے دھل گئے اور ایک ہو گئے ایک نئی کمیونٹی بن گئے اور جدائی کی دیوار کو جو بیچ میں تھی ڈھا دیا پھر چنانچہ اُس نے اپنے جسم کے ذریعہ سے دشمنی یعنی وہ شریعت جس کے حکم ضابطوں کے طور پر تھے، موقوف کر دی تاکہ دونوں سے اپنے آپ میں ایک نیا انسان پیدا کر کے صلح کرا دے۔ **کلیسیا نئے انسانوں کا مجمع ہے** ہالیلیویاہ۔ یہ نئے کیسے بنے؟ یسوع مسیح ناصری کے پاک اور قیمتی خون کی قدرت سے ہم سب نئے لوگ ہیں۔ ہالیلیویاہ! آگے اور صلیب پر دشمنی کو مٹا کر اور اُس کے سبب سے دونوں کو ایک تن بنا کر خدا سے ملائے ہالیلیویاہ۔ اور بھی حوالے ہیں لیکن لکھ لیجیے آپ پوائنٹ صرف لکھ لیجیے میرے پاس پانچ منٹ رہ گئے ہیں۔

کلیسیا زمین پر ایک نئی رفاقت کا نام ہے

نمبر تین کلیسیا کے ذریعہ نسلی امتیاز کی جگہ صلح کی سپرٹ آجاتی ہے تاکہ وہ انجیل مقدس کی منادی دنیا میں کریں

اب آپ کو ایک کام دے رہا ہوں افسیوں کے خط کے چھ ابواب میں آپ نے ڈھونڈنا ہے کہ روح القدس کے بارے تعلیم دی گئی ہے پوائنٹ لکھنا ہے مثال کے طور پر پہلے باب میں لکھا ہے روح القدس ہمیں بیعانہ میں دیا گیا روح القدس کی مہر ہم پر لگی تو آپ نے لکھنا ہے روح القدس ایمانداروں پر ایک مہر ہے آگے حوالہ لکھو روح القدس ہماری میراث کا بعیانہ ہے آگے حوالہ لکھو اس طرح کوئی ۱۲ ۱۳ ۱۴ باتیں ہیں روح القدس کے بارے افسیوں کے خط میں یہ آپ نے کام کر کے آنا. ہے پاسٹر جی امتحان بھی لیتے ہیں یا نہیں لیتے ہیں لو اے تانو گریڈ ملنے جے تے نقل نہیں مارنی ٹھیک ہے نقل نہیں مارنی بائبل کو دیکھو پڑھو ایک دو واری تانو سارے پوائنٹ مل جان گے۔ آؤ ہم سب کھڑے ہو جائیں اور یسوع ناصری کا کلام مقدس کے لیے افسیوں کے خط کے لیے جی بھر کر اُس کا شکر کریں۔ چشمے کی طرح سارے مل کر بیک آواز دل کے ساتھ آؤ خدا کا شکر کریں دعا کرنی شروع کر دیجیے گا۔

ڈاکٹر لیاقت قیصر